SET-2

# Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

Time: 3 Hrs. | Subject: Urdu-B (303) | M.M.:80

## (40) Part-A Reading Comprehension and Grammar MCQ

سوال نمبر 1:-درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔ 1x5=5

اِبنِ صفی کے ناول اتر پردیش کے شہر الہ آباد کے ایک اشاعتی ادارے نکہت پبلی کیشنز نے شائع کیے۔ اس ادارے نے ''جاسوسی دنیا'' کے نام سے ایک ماہنامہ نکالا تھا۔ ہر مہینہ اِبنِ صفی کا ایک مکمل ناول ''جاسوسی دنیا'' کے ایک شمارے کے طور پر سامنے آتا تھا۔ لوگ بے چینی سے اس کے منتظر رہتے تھے۔ اِبنِ صفی کے ناولوں میں کرنل فریدی، کیپٹن حمید، عمران، قاسم وغیرہ مستقل کرداروں کی حیثیت رکھتے تھے۔ ان کرداروں میں ایسی کشش تھی کہ کچھ لوگ تو انھیں حقیقی سمجھنے لگے تھے اور ان کی ہر کامیابی کا جشن مناتے تھے۔ ان کی خوشی سے خوش ہوتے تھے اور ان کی آزمائش اور تکلیف پر دکھی ہو جاتے تھے۔ اِبنِ صفی نے اپنے بعض کردار اور ناولوں کے پلاٹ مغربی ناولوں سے اخذ کیے تھے۔ لیکن انھیں مشرقی یا ہندوستانی رنگ ڈھنگ کے ساتھ کچھ اس طرح پیش کیا تھا کہ یہ کردار طبع زاد نظر آتے تھے۔

(I) 'جاسوسی دنیا' کے نام سے ماہنامہ کہاں سے نکلتا تھا؟

A. کانپور سے

B. لکھنؤ سے

C. الہ آباد سے

D. دہلی سے

(II) ابنِ صفی نے اپنے بعض ناولوں کے پلاٹ کہاں سے اخذ کیے تھے؟

A. مغربی ناولوں سے

B. افغانی نالوں سے

C. بنگالی ناولوں سے

D. نیپالی ناولوں سے

(III) لوگ بے چینی سے کس کا انتظار کرتے تھے ؟

A. 'جاسوسی دنیا' کا

B. غزل کا

C. ابنِ صفی کا

D. افسانے کا

(IV) ابنِ صفی کے ناول کو کس اشاعتی ادارے نے شائع کیا؟

A. آکسفورڈ پبلیکیشن نے

B. نول کشور پریس نے

C. نکہت پبلیکیشنز نے

D. این سی ای آر ٹی نے

(V) عمران کس کے ناول کا مشہور کردار ہے ؟

A. پریم چند کے

B. ابنِ صفی کے

C. رتن ناتھ سرشار کے

D. مرزا ہادی رسوا کے

سوال نمبر2:- درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔ 1x5=5

**بچوں کی توبہ**

ہم نے بکری کے بچوں کو کمروں میں نچانا چھوڑ دیا
ناراض نہ ہو امی ہم نے ہر شوق پرانا چھوڑ دیا
ڈیڈی کے سوٹ پہن کر ہم صوفوں پر ڈانس نہیں کرتے
سارے گھر کی بنیادوں کو اب ہم نے ہلانا چھوڑ دیا
دادا ابا کا اب چشمہ بکرے کو نہیں پہناتے ہم
نانا ابا کی لٹھیا اب ہم نے چھپانا چھوڑ دیا
بندر کو سہرا باندھ کے ہم دولہا نہ بنائیں گے امی

اب گھونگھٹ کاڑھ بندریا کو ڈولی میں بٹھانا چھوڑ دیا
ندیا کے گہرے پانی میں کھائے نہ کئی دن سے غوطے
گھر ہی میں پڑے اب سڑتے ہیں ندیا پہ نہانا چھوڑ دیا

(I) دادا ابّا کے چشمے کو بچہ کسے پہناتا تھا؟

A. بلی کو

B. بکرے کو

C. خرگوش کو

D. طوطے کو

(II) کس کی لٹھیا کو بچے نے چھپانا چھوڑ دیا ہے؟

A. نانی کی

B. دادی کی

C. دادا ابّا کی

D. نانا ابّا کی

(III) بچے نے بکری کے بچوں کو کہاں نچانا چھوڑ دیا ہے؟

A. کمروں میں

B. میدانوں میں

C. آنگن میں

D. بازار میں

(IV) بچے نے کہاں پہ نہانا چھوڑ دیا ہے؟

A. نل پہ

B. تالاب پہ

C. ندی پہ

D. نہر پہ

(V) ڈیڈی کے سوٹ پہن کر بچہ کس پر ڈانس کرتا تھا؟

A. صوفے پر

B. ٹیبل پر

C. چھت پر

D. سڑک پر

سوال نمبر3:۔درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) لفظ 'شکست' کا متضاد ہے۔

A. فتح

B. آزادی

C. یقین

D. غلامی

(II) لفظ 'حیات' کا مترادف ہے۔

A. جھوٹ

B. دنیا

C. زندگی

D. موت

(III) لفظ 'خوشی' کا متضاد ہے۔

A. مسرت

B. صبر

C. غم

D. دشمن

(IV) لفظ 'بلند' کا مترادف ہے۔

A. باہر

B. نیچا

C. کامیاب

D. اونچا

(V) لفظ 'بہتر' کا متضاد ہے۔

A. بد تر

B. اچھا

C. صاف

D. سچا

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) ' تدبیر' کی جمع ہے۔

A. تدبر

B. تدابیر

C. کبیر

D. تکبیر

(II) 'ممالک' کا واحد ہے۔

A. ملکوں

B. ملک

C. ملکہ

D. مالک

(III) 'شکایات' کا واحد ہے۔

A. شکست

B. شکایتیں

C. شکایتوں

D. شکایت

(IV) 'جنگل' کی جمع ہے۔

A. جانگل

B. جنگلی

C. جنگلات

D. منگل

(V) 'خرابی' کی جمع ہے۔

A. خرابیاں

B. خراب

C. اچھائی

D. اخبار

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) 'ہم شام کو آگرہ جائیں گے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(II) 'ہم' سابقہ والا مرکب لفظ ہے۔

A. ہمایوں

B. ہمارا

C. ہم سفر

D. باہم

(III) 'وہ کتاب پڑھ رہا ہے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(IV) وہ کام جو آنے والے وقت میں ہو، اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(V) سوالیہ لہجے کے اظہار کے لیے جملے کے آخر میں جو نشان لگایا جاتا ہے، اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. ختمہ (۔)

B. سکتہ (،)

C. رابطہ (:)

D. سوالیہ نشان (؟)

سوال نمبر 6:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) رضیہ سلطان کس کی بیٹی تھی؟

A. اکبر کی

B. بابر کی

C. محمد غوری

D. التتمش کی

(II) کس وٹامن کی کمی سے آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں؟

A. وٹامن بی

B. وٹامن سی

C. وٹامن اے

D. وٹامن ڈی

(III) کس کو بھارت کے دستور کا معمار کہا جاتا ہے؟

A. بھیم راؤ امبیڈکر کو

B. گاندھی جی کو

C. بھگت سنگھ کو

D. حسرت موہانی کو

(IV) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

A. افسر

B. گوراسپاہی

C. وزیر علی

D. لیفٹیننٹ

(V) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

A. تغلق

B. مغل

C. راجپوت

D. لودھی

سوال نمبر 7:۔ نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) صحیح محاورہ ہے۔

A. میدان چھوڑنا

B. میدان جوتنا

C. میدان میں سونا

D. میدان میں بیٹھنا

(II) 'مان رکھنا' کا مطلب ہے۔

A. دولت جمع کرنا

B. تعلیم حاصل کرنا

C. عزّت رکھنا

D. مشہور ہونا

(III) جیسی کرنی ویسی۔۔۔۔۔۔(محاورہ مکمل کیجیے)

A. اترنی

B. بھرنی

C. پھرنی

D. دھرنی

(IV) ابّو نے جب دیر سے آنے کا سبب پوچھا تو میں بغلیں۔۔۔۔

A. بجانے لگا

B. جھانکنے لگا

C. مارنے لگا

D. دکھانے لگا

سوال نمبر 8:- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 1x5=5

ڈاکٹر امبیڈکر اپنے اُستادوں کا بے حد احترام کرتے تھے۔ ستارا کے ایک اسکول میں امبیڈکر نامی ایک اُستاد تھے جو ذات پات کی تفریق کو نہیں مانتے تھے۔ وہ سب کے ساتھ برابری کا سلوک کرتے تھے۔ وہ بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔ اُستاد اور شاگرد کا یہ رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ آگے چل کر وہ بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔

تعلیم حاصل کرنے کے لیے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محنت کا جذبہ تھا، اس لیے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلیٰ تعلیم کے لیے اُنھیں انگلستان جانے کا موقع مل گیا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔ اس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا۔

(1) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس

C. ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

D. نئی روشنی

(II) کس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا؟

A. تعلیم کی

B. جنگ کی

C. غلامی کی

D. چھوت چھات کی

(III) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے استاد کا کیا نام تھا؟

A. بھیم راؤ

B. بھیم راؤ سکپال

C. امبیڈکر

D. ڈاکٹر امبیڈکر

(IV) ڈاکٹر امبیڈکر کس غرض سے انگلستان گئے تھے؟

A. اعلیٰ تعلیم کے لیے

B. تجارت کے لیے

C. چھوت چھات دور کرنے

D. استاد سے ملنے

(V) چھوت چھات کی لعنت سے کس کو کافی نقصان ہوا؟

A. وکیلوں کو

B. انگریزوں کو

C. ڈاکٹروں کو

D. ملک کو

**یا**

اُلتُمِش کی وفات کے بعد دربار میں وزیر نے جب بادشاہ کی وصیّت پڑھ کر سنائی تو تُرک امیروں نے یہ پسند نہیں کیا کہ ایک عورت دلّی کے تخت و تاج کی مالک ہو۔ رضیہ نے یہ دیکھا تو امیروں سے کہا: ''میرے عورت ہونے پر اعتراض ہے تو میں امن کی خاطر اپنے بھائی رکن الدّین کا نام پیش کرتی ہوں۔ آؤ ہم سب مل کر اس سے وفاداری کا عہد کریں۔''

لیکن حکومت ہاتھ آتے ہی رُکنُ الدّین عیش و آرام میں پڑ گیا۔ اس کی ماں ایک حاسد عورت تھی۔ اس نے دوسری بیگمات اور ان کے بچّوں کو طرح طرح سے پریشان کیا۔ وہ سوتیلی بیٹی رضیہ کی مقبولیت سے جلنے لگی۔ مگر جلد ہی رُکن الدّین اپنی عیش پسندی اور اپنی ماں کی زیادتیوں کی وجہ سے اس قدر بدنام ہو گیا کہ دلّی کے لوگوں نے اس کو گرفتار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔

دلّی کے عوام رضیہ کی خوبیوں اور التتمش کی وصیّت سے واقف تھے۔ ان میں ایک بزرگ صوفی کاظم الدّین زاہد نے رضیہ کی تخت نشینی کا اعلان کر دیا۔

تخت نشین ہونے پر رضیہ نے عہد کیا کہ ''میں عوام کی بھلائی اور سلطنت کی ترقّی کے لیے کام کروں گی۔ میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گی جب تک یہ ثابت نہ کر دوں کہ میں مردوں سے کم نہیں۔''

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس

C. رضیہ سلطان

D. نئی روشنی

(II) بادشاہ کی وصیّت کس نے پڑھ کر سنائی؟

A. وکیل نے

B. ڈاکٹر نے

C. وزیر نے

D. رکن الدین نے

(III) رکن الدین کی ماں کس طرح کی عورت تھیں؟

A. نیک

B. حاسد

C. مذہبی

D. تعلیم یافتہ

(IV) رضیہ کی تخت نشینی کا اعلان کس نے کیا؟

A. رکن الدین نے

B. التتمش نے

C. رضیہ کی ماں نے

D. کاظم الدین زاہد نے

(V) دلّی کے لوگوں نے کسے گرفتار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا؟

A. رضیہ سلطان کو

B. رکن الدین کو

C. کاظم الدین زاہد کو

D. التتمش کو

سوال نمبر 9:- درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔ 1x5=5

کوئی اُمّید بَر نہیں آتی　　کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معیّن ہے　　نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی　　اب کسی بات پر نہیں آتی
ہے کچھ ایسی ہی بات جو چُپ ہوں　　ورنہ کیا بات کر نہیں آتی
کعبے کس منہ سے جاؤ گے غالؔب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. اسمٰعیل میرٹھی

C. غالبؔ

D. ساحرؔ لدھیانوی

(II) کس کا دن معین ہے؟

A. اسکول کا

B. امتحان کا

C. نتیجے کا

D. موت کا

(III) شاعر کو پہلے کس بات پہ ہنسی آتی تھی؟

A. حالِ دل پہ

B. لطیفے پر

C. تعلیم پر

D. صورت پر

(IV) کسے کوئی صورت نظر نہیں آتی ہے؟

A. موت کو

B. زندگی کو

C. شاعر کو

D. عاشق کو

(V) ہے کچھ ایسی ہی بات جو۔۔۔۔۔ ہوں

A. چُپ

B. خُوش

C. گُم

D. میں

**یا**

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گِلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے

ذرا سی چیز ہے، اُس پر غرور، کیا کہنا!
یہ عقل اور یہ سمجھ، یہ شعور، کیا کہنا

خدا کی شان ہے، ناچیز، چیز بن بیٹھیں
جو بے شعور ہوں، یوں با تمیز بن بیٹھیں

تری بِساط ہے کیا، میری شان کے آگے
زمیں ہے پست، مری آن بان کے آگے

جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں

(I) درج بالا شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

A. اے شریف انسانو!

B. پہاڑ اور گلہری

C. قدم بڑھاؤ دوستو

D. نیکی اور بدی

(II) کس نے کہا کہ میری آن بان کے آگے زمین پست ہے ؟

A. گلہری نے

B. پہاڑ نے

C. سورج نے

D. بادشاہ نے

(III) پہاڑ نے ذرا سی چیز کسے کہا ہے ؟

A. بکری کو

B. گائے کو

C. دنیا کو

D. گلہری کو

(IV) صحیح محاورہ ہے۔

A. ڈوبنا

B. ڈبونا

C. ڈوبنے جانا

D. ڈوب مرنا

(V) تیری۔۔۔۔ہے کیا میری آن بان کے آگے

A. بساط

B. مجال

C. مثال

D. کہانی

## (40) Part-B Writing Skill

سوال نمبر 10 :۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x4=8

I. اونتی سے لوگ محبت کیوں کرتے تھے ؟

II. آنکھوں کی حفاظت کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟

III. رضیہ سلطان کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا؟

IV. رگھوپت سنگھ نے پہرے دار کی مدد کس طرح کی ؟

V. ہند آریائی زبانیں کون کون سی ہیں؟

VI. کھانے پینے کی چیزیں کس طرح آلودہ ہو جاتی ہیں؟

سوال نمبر 11:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

I. دنیا سے دل لگانے کے کیا معنی ہیں؟

II. دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟

III. شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے؟

IV. او نتی نے سرائے والے اور مزدور کے جھگڑے کو حل کرنے کے لیے کیا دلیل دی؟

سوال نمبر 12:۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 6

I. یومِ جمہوریہ

II. کسی سفر کے حالات

III. مہاتمہ گاندھی

IV. میرے والدین

V. رکشابندھن

سوال نمبر 13:۔ بہن کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام تین دن کی چھٹی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

اپنے والد کو خط لکھ کر آن لائن کلاس کے بارے میں تفصیل سے بتایئے۔

سوال نمبر 14:۔ کورونا کے سبب زندگی میں جو تبدیلی رونما ہوئی ہے اس ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ 5

**یا**

جسے آپ اب تک نہ بھول پائے ہوں ایسے کسی واقعے پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 15:۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

I. کارتوس

II. پانی کی آلودگی

III. قول کا پاس

سوال نمبر 16:۔ درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 5

I. حمد

II. نیکی اور بدی

III. اے شریف انسانو!